تبصرہ نگار: ح۔ح

تعارف وتبصرہ

تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ ــــــ (ادارہ)

۱..... **مصطلح الراوي حواشي على تقريب النووي**، مؤلف: أبو يحيىٰ فضل الله الشامزي، صفحات: ۱۶۱، ناشر: المكتبة الفريدية اسلام آباد۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ کتاب اصول حدیث میں امام نووی کی معرکۃ الآراء تالیف تقریب النووی کی عربی شرح ہے۔ مولف مولانا فضل اللہ شامزی ایک کہنہ مشق اور مایۂ ناز مدرس ہیں، انھوں نے ایک عرصہ تک تقریب النووی کا درس دیا ہے۔ فن اصول حدیث کی جو کتابیں ان کے زیر مطالعہ رہیں، تقریب النووی کی شرح میں انھوں نے ان سے بھی استفادہ کیا ہے، گویا آپ اس شرح کو اصول حدیث پر ان کے وسیع مطالعہ اور تحقیق کا ''ثمرہ'' بھی کہہ سکتے ہیں۔ پہلے انھوں نے اصل کتاب کا متن دیا ہے، پھر اس کے تحت امام نووی رحمہ اللہ کی عبارت کا ایک شذرہ اٹھا کر، اسے جلی حروف میں نقل کر کے، تشریح وتوضیح اور اضافی نکات وغیرہ بیان کیے ہیں۔

تقریب النووی پر ''تدریب الرّاوی'' کے نام سے امام سیوطی رحمہ اللہ کی شہرۂ آفاق شرح متعارف ومتداول ہے۔ صاحب مصطلح الراوی نے پیشِ لفظ میں کہا ہے کہ تدریب الراوی کی غیر معمولی طوالت کو دیکھ کر اس سے استفادہ کرنے والوں کی ہمت جواب دے جاتی ہے، اس لیے میں نے مختصر انداز میں تقریب النووی کی شرح لکھنے کے لیے قلم اُٹھایا۔

کتاب میں مفتی نظام الدین شامزی رحمۃ اللہ اور دیگر علماء کرام کے تاثرات بھی شامل ہیں۔ املاء وترقیم کی کمزوریاں کھٹک رہی ہیں، آئندہ ایڈیشن میں اُمید ہے اس کا ازالہ کیا جائے۔ معیارِ طباعت درمیانے درجہ کی ہے حالانکہ اس نوعیت کی اہم عربی تالیف کا معیار طباعت بلند ہونا چاہیے تھا۔

۲..... **صحابہ کے واقعات (۲ جلد)**، مؤلف: ڈاکٹر عبدالرحمٰن رأفت باشا، ترجمہ وتلخیص: مولانا محمد حنیف عبدالجید، ضخامت: جلد اول، ۴۱۱ صفحات، جلد دوم، ۴۱۵ صفحات، ناشر: دار الہدیٰ شاہ زیب ٹیرس، اردو بازار کراچی۔

ڈاکٹر عبدالرحمٰن رأفت پاشا کی ''صُورَمن حياة الصحابه'' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرت پر ایک منفرد کاوش ہے، یہ ایک مشہور اور مقبولِ عام کتاب ہے اور کئی زبانوں میں اس کے ترجمے بھی ہوئے۔ صحابہ کرام کی ایمان افروز زندگی کا مشک بار تذکرہ